© rasailojaraid.com

**نونہال ۔ خاص نمبر** صدر مجلس ادارت : حکیم محمد سعید صاحب و مدیر اعلیٰ مسعود احمد برکاتی ۔
پتہ : ہمدرد نونہال ، ہمدرد ڈاک خانہ ، ناظم آباد ، کراچی ۱۸۔۱۵ ۔ صفحات : ۳۰۴ ، رنگین ٹائیٹل ،
قیمت خاص نمبر ۱۰/- روپے ۔ عام شمارہ : ۵/- روپے ، سالانہ ۵۵/- روپے

محترم حکیم محمد سعید صاحب کے مختلف کاموں کو اگر مجسم و منجمد کر کے شیشے کی الماریوں میں سجا دیا جائے کہ ایک عظیم الشان عجائب گھر وجود میں آجائے گا ۔ ان کے درخت خدمات کی ایک دلکش شاخ بچوں کا رسالہ نونہال ہے ۔ بچوں کو آج اچھی تحریریں آسان زبان اور دلچسپ انداز میں پڑھنے کی ضرورت پہلے سے کئی گنا زیادہ ہے ۔ آج کل والدین کو تو تمدن جدید اور معاشی مسائل گھروں میں ٹکنے ہی نہیں دیتا ۔ وہ تھکے تھکائے گھر آتے تو یہاں کے رکے ہوئے کام اور ضرورت آرام کا دو طرفہ دباؤ ! بچوں کو کون وقت دے کر زندگی اور دین اور اخلاق اور سائنس کے مسائل انہیں سمجھائے ۔ جو بچوں کا کچھ حق ادا کرتے بھی ہیں وہ آج کی وسیع ضروریات اور مسائل کے لحاظ سے آٹے میں نمک کی مثال ہیں ۔ بچوں کی زندگیوں میں یہ خلا اگر پر نہ کیا جائے تو زندگیاں آوارہ و بے مقصد ہو جائیں گی یا اسے غلط موادِ مطالعہ و تفریح سے پُر کیا جائے تو افکار و گفتار اور کردار میں تباہی آجائے گی ۔ اس آفت کے کچھ نہ کچھ اثرات دیکھے جا سکتے ہیں ۔

حکیم صاحب اور بعض دوسرے حضرات جو بچوں کے لیے اچھی ذہنی غذا کی فراہمی کا اہتمام کرتے ہیں وہ بہت بڑی دینی اور قومی خدمت انجام دیتے ہیں ۔ نونہال میں بچوں کی نفسیات کو ملحوظ رکھ کر تفریحی تحریریں ، جدید ایجادات کی معلومات ، سبق آموز کہانیاں ، حضور اکرمؐ کی سیرت کی جھلکیاں ، صحت و تندرستی سے متعلق رہنمائی ، انسائیکلو پیڈیا کے عنوان سے سوالوں کے معلومات افزا جواب ، معلوماتِ عامہ ، مخلوقِ خداوندی کے عجائبات ، لطائف ، پہیلیاں ، جغرافیہ ، نظمیں ، سائنسی مشغلے ، قلمی دوستی وغیرہ قسم کا مواد جمع ہے ۔ روبوٹ کی جدید ترین باتیں ہیں ، گلیور اور بونوں کی داستان درج ہے ۔ آخر میں مشکل الفاظ کے معانی ہیں ۔ ابن انشاء مرحوم ، شان الحق حقی ، میرزا ادیب ، پطرس بخاری ، فیض لدھیانوی ، علی ناصر زیدی اور دوسرے لکھنے والوں کے اور ارکانِ ادارہ کے خامہ ہائے گل افشاں نے خاص نمبر میں پھول ہی پھول بکھیر دیئے ہیں ۔

اقرار کرتا ہوں کہ میں خود بھی نونہال کا مطالعہ کرتا ہوں ۔

---

© rasailojaraid.com